# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Friday, the 7th November, 2025 at 11.00 a.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

### QUESTIONS

**2.** Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

### CALLING ATTENTION NOTICE

**3.** **DR. SHARMILA FARUQUI** **MR. RAMESH LAL**
**MR. KHURSHID AHMED JUNEJO** to invite attention of the Minister for Interior, to a matter of urgent public importance regarding 35% surge in cybercrimes in 2025, challenging public safety and existing cyber security measures, causing grave concern amongst the public.

### INTRODUCTION OF BILLS

**4.** **SENATOR MUHAMMAD AURANGZEB,** Minister for Finance and Revenue, to introduce a Bill to provide for enforcement of netting rights and collateral arrangements [The Netting of Financial Arrangements Bill, 2025].

**5.** **MR. ATTAULLAH TARAR,** Minister for Information and Broadcasting, to introduce a Bill further to amend the Pakistan Electronic Media Regulatory Authority Ordinance, 2002 [The Pakistan Electronic Media Regulatory Authority (Amendment) Bill, 2025].

### PAPERS TO BE LAID BEFORE THE NATIONAL ASSEMBLY:

**6.** **SENATOR MUHAMMAD AURANGZEB,** Minister for Finance and Revenue to lay before the National Assembly the Annual Report of the Board of Directors of State Bank of Pakistan on the state of Pakistan's Economy for the Year 2024-25, under sub-section (2) of section 39 of the State Bank of Pakistan Act, 1956.

**7.** **SENATOR MUHAMMAD AURANGZEB,** Minister for Finance and Revenue to lay before the National Assembly the Governor's Annual Report 2024-2025, under sub-section (1) of section 39 of the State Bank of Pakistan Act, 1956.

**8.** **MINISTER-IN-CHARGE** of the Cabinet Secretariat, to lay before the National Assembly the Annual Report of the Council of Common Interest (CCI), for the year, 2021-22, 2022-23 and 2023-24, as required by clause (4) of Article 153 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

### PRESENTATION OF PERIODICAL REPORTS OF THE STANDING COMMITTEES

**9.** **MS. HINA RABBANI KHAR,** Chairperson Standing Committee on Foreign Affairs, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st January, 2025 to 30th June, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**10.** **MR. MUHAMMAD IDREES,** Chairman Standing Committee on Energy (Power Division), to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st January, 2025 to 30th June, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**11.** **MR. AIJAZ HUSSAIN JAKHRANI,** Chairman Standing Committee on Communications, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st January, 2025 to 30th June, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**12.** **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st January, 2025 to 30th June, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

## MOTION OF THANKS

**13.** **Further discussion** on the following motion moved by **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs on 12th March, 2025:-

> "This House expresses its deep gratitude to the President of the Islamic Republic of Pakistan for his address to both Houses assembled together on 10th March, 2025."

## CALLING ATTENTION NOTICE

**14.** **MR. AMJAD ALI KHAN** to invite attention of the Minister for Energy (Petroleum Division), to a matter of urgent public importance regarding absence of alternative energy sources such as sui gas in Swat resulting in deforestation and other climate induced disasters, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**6th November, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

## برائے اجلاس قومی اسمبلی جو جمعہ، ۷ نومبر، ۲۰۲۵ء صبح گیارہ بجے منعقد ہو گا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

### سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

### توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی جناب رمیش لال جناب خورشید احمد جونیجو**

وزیر برائے داخلہ کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو عوامی تحفظ اور سائبر سکیورٹی کے موجودہ اقدامات کے لیے چیلنج بننے والے ۲۰۲۵ء میں سائبر جرائم میں ۳۵ فیصد اضافے سے متعلق ہے۔

### بلوں کا پیش کرنا

۴۔ **سینیٹر محمد اورنگزیب**، وزیر برائے خزانہ و محاصل تسویہ جاتی حقوق اور ضمانتی انتظامات کے نفاذ کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [تسویہ مالی انتظامات بل، ۲۰۲۵ء] پیش کریں گے۔

۵۔ **جناب عطاء اللہ تارڑ**، وزیر برائے اطلاعات و نشریات پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی آرڈیننس، ۲۰۰۲ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کریں گے۔

### قومی اسمبلی کے سامنے رکھے جانے والے کاغذات

۶۔ **سینیٹر محمد اورنگزیب**، وزیر برائے خزانہ و محاصل بینک دولت پاکستان ایکٹ، ۱۹۵۶ء کی دفعہ ۳۹ کی ذیلی دفعہ (۲) کے تحت پاکستان کی معیشت کی کیفیت کے بارے میں بینک دولت پاکستان کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سالانہ رپورٹ برائے سال، ۲۵-۲۰۲۴ء قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

۷۔ **سینیٹر محمد اورنگزیب**، وزیر برائے خزانہ و محاصل بینک دولت پاکستان ایکٹ، ۱۹۵۶ء کی دفعہ ۳۹ کی ذیلی دفعہ (۱) کے تحت گورنر کی سالانہ رپورٹ برائے مالی سال، ۲۵-۲۰۲۴ء قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

۸۔ **وزیر انچارج برائے کابینہ سیکرٹریٹ**، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۱۵۳ کی شق (۴) کی مقتضیات کے مطابق مشترکہ مفادات کونسل (سی سی آئی) کی سالانہ رپورٹ برائے سال، ۲۲-۲۰۲۱ء، ۲۳-۲۰۲۲ء اور ۲۴-۲۰۲۳ء قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

### قائمہ کمیٹیوں کی میعادی رپورٹوں کا پیش کرنا

۹۔ **محترمہ حنا ربانی کھر**، چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے خارجہ امور قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴-الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جنوری، ۲۰۲۵ء تا ۳۰ جون، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گی۔

۱۰۔ **جناب محمد ادریس**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے توانائی (بجلی ڈویژن) قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جنوری، ۲۰۲۵ء تا ۳۰ جون، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۱۔ **جناب اعجاز حسین جکھرانی**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے مواصلات قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جنوری، ۲۰۲۵ء تا ۳۰ جون، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۲۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جنوری، ۲۰۲۵ء تا ۳۰ جون، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک تشکر

۱۳۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری**، وزیر برائے پارلیمانی امور کی جانب سے ۱۲ مارچ، ۲۰۲۵ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر مزید بحث:۔

"یہ ایوان ۱۰ مارچ، ۲۰۲۵ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔"

## توجہ دلاؤ نوٹس

۱۴۔ **جناب امجد علی خان** وزیر برائے توانائی (پیٹرولیم ڈویژن) کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو سوات میں سوئی گیس جیسے متبادل توانائی کے ذرائع کی عدم موجودگی کے نتیجے میں جنگلات کی کٹائی اور دیگر موسمیاتی تباہ کاریوں سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۶ نومبر، ۲۰۲۵ء**

**طاہر حسین**
**سیکرٹری جنرل**